2020年6月18日ジャング紙ラホール版2面

سرکاری کالجوں میں آن لائن کلاسیں شروع کرنے کے احکامات

انٹرنیٹ کی سپیڈ کی حوالے سے مشکلات ہیں، محکمہ سہولتیں فراہم کرے، اساتذہ

لاہور (خبر نگار) محکمہ ہائیر ایجوکیشن پنجاب نے سرکاری کالجوں کو ایسوسی ایٹ ڈگری، انٹر میڈیٹ اور دیگر کلاسز آن لائن شروع کرنے کے احکامات جاری کر دیے۔ 22 جون سے آن لائن کلاسز کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام ایم اے پروگرام اور انٹر میڈیٹ پروگرام سمیت دیگر پروگراموں کے لیے بھی آن لائن کلاسز کا آغاز کیا جائے گا۔ اس حوالے سے کالج اساتذہ نے کہا ہے کہ آن لائن کلاسز پہلے بھی بی ایس پروگرامز کے لیے جاری ہیں۔ اب دیگر پروگرامز کے لیے بھی آن لائن کلاسز کے اقدامات کرنے کو کہا گیا ہے۔ اساتذہ کے مطابق طلبہ کی جانب سے آن لائن کلاسز میں طلبہ کو انٹرنیٹ کی سہولت پوری طرح میسر نہیں ہیں۔ لاہور کے علاوہ دیگر دور دراز علاقوں میں طلبہ کو انٹرنیٹ کی سپیڈ کے حوالے سے شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ دیہی علاقوں میں نیٹ کی سپیڈ کم ہونے سے طلبہ کو پوری طرح لیکچر ڈیلیور نہیں ہو پاتا۔ تاہم بعض اساتذہ نے یہ بھی کہا ہے کہ محکمہ کی جانب سے انہیں آن لائن کلاسز لینے کو کہا گیا ہے مگر کسی قسم کی سہولت فراہم نہیں کی گئی ہے۔ محکمہ انہیں سہولیات بھی فراہم کرے۔